علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ ارلی چائلڈہڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

۱۔ امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے فرد سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں۔ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

۲۔ کسی دوسرے طالب علم سے عاریتاً لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کی مواد کی چوری (PLAGIARISM) پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: ہوم اکنامکس-3 (6485) — سمسٹر: بہار2026

سطح: بی ایڈ/بی ایس

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلق بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال 1: (الف) بچوں کی نشو و نما کے کون سے بنیادی اصول ہیں؟

(ب) آپ نے اپنے مشاہدے میں ان اصولوں کا کون سا عمل دیکھا جو بچوں کی نشو و نما میں مدد دیتا ہے؟ مثال دیں۔

سوال2: (الف) ذہنی نشوونما کے فروغ کے لیے والدین یا اساتذہ کون سی عملی سرگرمیاں انجام دے سکتے ہیں؟

(ب) آپ نے یا آپ کے جاننے والوں نے ذہنی نشوونما کے لیے کون سی سرگرمیاں اپنائی ہیں؟

سوال3: (الف) جسمانی نشوونما کے لیے روزمرہ کی کون سی سرگرمیاں بچوں کے لیے مفید ہیں؟

(ب) آپ کے خیال میں بچوں کی جسمانی نشوونما کو بہتر بنانے کے لیے کون سی ورزش یا کھیل مناسب ہیں؟

سوال4: (الف) بچوں کی سماجی اور اخلاقی نشوونما کو فروغ دینے کے لیے کون سی تدابیر اختیار کی جاسکتی ہیں؟

(ب) آپ نے گھر یا اسکول میں کون سی عملی سرگرمیاں دیکھی ہیں جو بچوں کی اخلاقی اور سماجی نشوونما میں مدد دیتی ہیں؟

سوال5: (الف) بچوں کی جذباتی نشوونما کو بہتر بنانے کے لیے آپ کون سا عملی مشورہ دینا چاہیں گے؟

(ب) آپ نے یا آپ کے جاننے والوں نے بچوں کی جذباتی صحت بہتر بنانے کے لیے کون سے اقدامات کیے ہیں؟

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال1: (الف) ماں اور بچے کی صحت کو بہتر بنانے کے لیے کون سے روزمرہ کے عملی اقدامات ضروری ہیں؟

(ب) آپ کے مشاہدے میں صحت مند ماں اور بچے کے لیے کون سی تدابیر اپنائی جاتی ہیں؟

سوال2: (الف) چھوٹے بچوں کی غذائی ضروریات کیا ہیں؟

(ب) آپ نے یا آپ کے خاندان نے چھوٹے بچوں کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کون سی خوراک استعمال کی ہے؟

سوال3: (الف) متوازن غذا کیا ہوتی ہے اور یہ بچوں کے لیے کیوں ضروری ہے؟

(ب) آپ نے متوازن غذا کی تیاری کے لیے کون سے طریقے اپنائے ہیں؟

سوال4: (الف) خوراک میں جراثیم سے پھیلنے والے امراض کون سے ہیں؟

(ب) ان بیماریوں سے بچاؤ کے لیے آپ نے یا آپ کے جاننے والوں نے کون سی حفاظتی تدابیر اختیار کی ہیں؟

سوال5: (الف) نامناسب غذائیت کے بچوں پر کیا منفی اثرات ہوتے ہیں؟

(ب) آپ نے یا آپ کے جاننے والوں نے غذائیت کی کمی کے مسائل سے نمٹنے کے لیے کیا اقدامات کیے ہیں؟